مرحلہ 1 :
NYC تعمیرات
دوبارہ شروع کریں

کیا جاننا چاہتے ہیں:
دوبارہ آغاز کے مراحل
آپ کا منصوبہ

NYC
Buildings

کیا جاننا چاہتے ہیں: اپنے منصوبے کے دوبارہ آغاز کے مراحل

نیویارک شہر اب ریاست کے دوبارہ کھلنے کے منصوبے کے مرحلہ 1 میں ہے جس کا مطلب ہے کہ تمام تعمیراتی سائٹس دوبارہ کھل سکتی ہیں اور کام شروع کر سکتی ہیں۔ آپ کو اب بھی اپنی سائٹ کے لیے تمام تعمیراتی اور برقی کوڈز نیز نیویارک محکمہ برائے تعمیرات (New York City Department of Buildings, DOB) کے تمام اصولوں اور قواعد کی پاسداری کو یقینی بنانا ہو گا۔

قبل ازیں کہ آپ کام کو دوبارہ شروع کریں، کم سے کم، آپ کو درج ذیل کام **لازماً** کرنے ہوں گے:

- ☐ **COVID-19 کی صحت عامہ کی ایمرجنسی کے دوران ریاست کی عبوری ہدایات برائے تعمیراتی سرگرمیاں پڑھیں**، سمجھیں اور ان پر عمل کریں۔
- ☐ ایک تحفظاتی منصوبہ **تیار کریں** جو کہ آپ کے ہر تعمیراتی مقام کے لئے مخصوص ہو۔ عام ٹھیکیدار تمام ذیلی ٹھیکیداروں اور ان کے ملازمین کو شامل کر کے ایک منصوبہ تخلیق کر سکتا ہے، یا ہر ٹھیکیدار اپنا ذاتی منصوبہ بھی تخلیق کر سکتا ہے۔
- ☐ اپنے تعمیراتی مقام پر اپنے تحفظاتی منصوبے کے تمام پہلوؤں پر **عمل درآمد** کروائیں۔
- ☐ اپنی جائے ملازمت پر تعمیراتی مقام سے باہر نکلنے کے تمام راستوں پر ایک کافی نمایاں جگہ پر تحفظاتی منصوبہ **آویزاں کریں**۔
- ☐ ریاست کو اس بات کا **یقین دلائیں** کہ آپ نے اپنی سائٹ کو ریاستی ہدایات کے مطابق چلانے کے لئے اپنے فرائض کو پڑھا اور سمجھا ہے۔
- ☐ اس یقین دہانی کو **پرنٹ کریں** اور سائٹ پر لگا کر رکھیں۔

ان معائنوں کے دوران، DOB انسپکٹرز درج ذیل چیزوں کو تلاش کریں گے:

- ☐ سائٹ کے لئے مختص کردہ **تحفظاتی منصوبہ** موجود ہے اور ایسی جگہ آویزاں ہے جہاں سے اسے باآسانی دیکھا جا سکتا ہے۔ اس منصوبے میں ریاست کے نام **یقین دہانی** کی ایک نقل شامل ہونی چاہیئے۔
- ☐ **سماجی فاصلہ بندی** کے پروٹوکولز کی تعمیل
- ☐ سائٹ کا تمام عملہ اور ملاقاتیوں کو **لازماً قابل قبول چہرے کے نقاب پہننے چاہیئیں** جو ان کے کام کے لحاظ سے موزوں ہوں۔ موزوں چہرے کے نقابوں کی بابت مزید ہدایات کے لئے، ریاست کے محکمہ برائے صحت کی ہدایات اور OSHA کی ہدایات برائے ذاتی حفاظتی ساز و سامان ملاحظہ کریں۔
- ☐ فوری دستیاب **ہاتھ کی صفائی کے اسٹیشنز**، جن میں استعمال کیا جا رہا ہو:
  - صابن، بہتا گرم پانی، اور تلف پذیر کاغذی تولیے؛ ***یا***
  - ہاتھ کی صفائی کے اسٹیشنز کے عملاً موجود نہ ہونے کی صورت میں الکحل پر مبنی ہینڈ سینیٹائزر۔
- ☐ **COVID-19 علامتی پوسٹر** جو کہ سب کو نظر آتا ہو اور عملے کو یاد دلائے کہ وہ باقاعدہ ہاتھوں کی صفائی، جسمانی فاصلہ بندی کے اصول، PPE کے مناسب استعمال، اور صفائی اور جراثیم سے پاک ہونے کے پروٹوکول کے پابند رہیں۔
- ☐ صحیح طور سے تکمیل شدہ اور **اپ ڈیٹ کردہ صفائی اور جراثیم کشی کے لاگز**۔
- ☐ **مختصر محدود جگہیں** (مثلاً، ایلیویٹرز، ہوئسٹس) جن میں زیادہ سے زیادہ مجاز افرادی گنجائش کے 50% کو جگہ دی جائے۔
  - 50% کی گنجائش لازماً کیب کے اندر اور ہر لینڈنگ پر آویزاں کی جانی چاہیئے
- ☐ سائٹ پر **ایک مواصلاتی منصوبہ** برائے ملازمین، ملاقاتیوں، اور صارفین۔
- ☐ موثر کونٹیکٹ ٹریسنگ کی غرض سے صحیح سے مکمل کردہ اور اپ ڈیٹ کردہ **ہر اس فرد کے لاگز** جو کہ سائٹ پر دوسروں کے نزدیک رہا ہو۔

DOB انسپکٹرز اپنے ابتدائی دوروں میں اجازت یافتہ تعمیراتی مقامات پر سائٹ پر موجود تعمیراتی ماہرین کو تعلیم دینے پر دھیان دیں گے یہ یقینی بنانے کے لئے کہ ہدایات پر عمل کیا گیا ہے۔ اجازت یافتہ سائٹس کو یہ یقینی بنانے کے لئے فالو اپ معائنوں کی توقع رکھنی چاہیئے کہ تعمیلی تقاضے، یا ریاستِ نیویارک یا نیویارک شہر کے دیگر اختیارات، خلاف ورزیوں اور متعلقہ سزاؤں کے اجراء سمیت نفاذ سے مشروط ہیں۔

اضافی معلومات کے لئے، براہ کرم **nyc.gov/buildings** ملاحظہ کریں۔**311** پر کال کر کے یا **nyc.gov/covidtest** ملاحظہ کر کے اپنا نزدیک ترین COVID-19 ٹیسٹنگ مقام معلوم کریں۔

NYC Buildings